# پبلک کنسلٹیشن

# جبری شادی کے سلسلے میں سول پروٹیکشنز اور تدارک کے اقدامات کو بہتر بنانا

## اکٹھی کی جانے والی معلومات کے متعلق پرائیویس نوٹس اور رضامندی فارم

اٹارنی جنرلز ڈیپارٹمنٹ (ڈیپارٹمنٹ) آپ کی کچھ ذاتی تفصیلات اکٹھی کر رہا ہے تاکہ جبری شادی کے سلسلے میں سول پروٹیکشنز اور تدارک کے اقدامات کو بہتر بنانے کے متعلق کنسلٹیشن میں مدد ملے۔ آپ کی ذاتی تفصیلات کی پرائیویسی اور ان کا محفوظ رہنا ہمارے نزدیک اہم ہے اور قانون ان کا تحفظ کرتا ہے۔

ڈیپارٹمنٹ *پرائیویسی ایکٹ 1988* اور *آسٹریلین پرائیویسی پرنسپلز (APPs)* کی تعمیل کرتا ہے۔ APPs لوگوں کی ذاتی تفصیلات کو برتنے کے طریقے اور انہیں راز میں رکھنے کے حوالے سے سٹینڈرڈز، حقوق اور فرائض بیان کرتے ہیں۔ اس میں یہ شامل ہے کہ ہم ذاتی تفصیلات کو کیسے اکٹھا، سٹور، استعمال اور منکشف کرتے اور محفوظ بناتے ہیں اور اپنی ذاتی تفصیلات کو دیکھنے یا درست کرنے کے لیے آپ کے حقوق کے متعلق معلومات بھی شامل ہیں۔

### آپ کی ذاتی تفصیلات کیسے اکٹھی کی جائیں گی

- اگر آپ آن لائن سوالنامہ مکمل کر کے کنسلٹیشن میں حصہ لیں تو آپ کو کوئی ذاتی تفصیلات دینے کی ضرورت نہیں ہے۔ اگر آپ یہ تفصیلات دیں تو یہ آپ کی مرضی ہے۔
- اگر آپ ڈیپارٹمنٹ کو ای میل کریں تو ڈیپارٹمنٹ کے ریکارڈ میں آپ کا ای میل ایڈریس، اور اگر آپ اپنا نام بتانے کا انتخاب کریں تو نام بھی آ جائے گا۔
- آپ چاہیں تو کنسلٹیشن میں اپنی رائے یا سبمشن کے سلسلے میں ذاتی تفصیلات یا حسّاس معلومات دے سکتے ہیں۔ اگر آپ یہ تفصیلات دیں تو یہ آپ کی مرضی ہے۔
- اگر آپ ٹارگٹڈ کنسلٹیشن میٹنگ میں شریک ہوں تو ڈیپارٹمنٹ دعوت نامہ بھیجنے کے مقصد سے آپ کا ای میل ایڈریس حاصل کر سکتا ہے، اور اگر آپ اپنا نام بتانا چاہیں تو آپ کا نام بھی ڈیپارٹمنٹ کو مل جائے گا۔ آپ کوئی فرضی نام استعمال کر کے کنسلٹیشن میٹنگ میں شریک ہو سکتے ہیں۔
- اگر آپ کو انٹرپریٹنگ سروسز کی ضرورت ہو یا آپ انگلش کے علاوہ کسی اور زبان میں سبمشن دیں تو کانٹریکٹ پر کام کرنے والے تیسرے فریقوں کو آپ کی ذاتی تفصیلات مل سکتی ہیں، اگر آپ کی تحریری یا زبانی رائے میں یہ تفصیلات ظاہر کی گئی ہوں۔

### اگر ہم آپ کی ذاتی تفصیلات اکٹھی نہ کریں

اگر ہم آپ کی ذاتی تفصیلات نہ لیں تو ممکن ہے ہم آپ کو خصوصی کنسلٹیشن میں آن لائن یا ذاتی شرکت کی دعوت بھیجنے کے لیے رابطہ نہ کر سکیں۔ اس طرح یہ بھی ہو سکتا ہے کہ ہم کنسلٹیشن میں دی گئی آپ کی رائے کے کسی پہلو کی وضاحت کے لیے آپ سے رابطہ نہ کر سکیں۔

اگر آپ اپنا نام نہ بتانے یا فرضی نام استعمال نہ کرنے کا انتخاب کریں تو ممکن ہے ہم آپ کو ان معلومات یا ریکارڈز تک رسائی نہ دلا سکیں جو آپ نے کنسلٹیشن کے سلسلے میں ہمیں دی تھیں۔

Australian Government
Attorney-General's Department

## آپ کی ذاتی تفصیلات کو کیسے استعمال کیا جائے گا

- ہم آپ کی ذاتی تفصیلات کو آپ سے مشورہ کرنے اور آپ کو ٹارگٹڈ کنسلٹیشنز میں شرکت کی دعوت دینے کے لیے استعمال کریں گے چاہے یہ ذاتی حاضری ہو یا آن لائن شرکت ہو۔
- اگر آپ کی رائے کے متعلق ہمارا کوئی سوال ہو تو ہم آپ کی ذاتی تفصیلات کو آپ سے رابطہ کرنے کے لیے استعمال کر سکتے ہیں۔
- اگر آپ ہمیں اپنی تحریری سبمشن یا رائے ہماری ویب سائیٹ پر شائع کرنے کی رضامندی دیں تو ہم آپ کی پہچان کروانے والی تمام معلومات نکال دیں گے، سوائے اس کے کہ آپ نے ہمیں یہ معلومات شیئر کرنے کی رضامندی دی ہو۔
- اگر آپ نے اپنی ذاتی تفصیلات تحریری سبمشن میں شامل کی ہوں اور وہ سبمشن شائع کرنے کی رضامندی دی ہو تو آپ کی ذاتی تفصیلات کو شائع کیا جا سکتا ہے۔
- اگر آپ کسی تیسرے فریق کے متعلق ذاتی یا حسّاس تفصیلات فراہم کریں تو ہم تیسرے فریق کی رضامندی کے بغیر انہیں شائع نہیں کریں گے چاہے آپ نے اپنی سبمشن کی اشاعت کے لیے رضامندی دی ہو۔
- ہم جبری شادی کے سلسلے میں سول پروٹیکشنز اور تدارک کے اقدامات کو بہتر بنانے کے ماڈل کی تشکیل کی خاطر جن دوسرے سرکاری اداروں کے ساتھ کام کرتے ہیں، ہم انہیں رپورٹس، سبمشنز یا خلاصے مہیا کرنے سے پہلے ان میں سے ذاتی تفصیلات نکال کر شناخت ختم کر دیں گے۔ اس میں تیسرے فریقوں کی ذاتی تفصیلات بھی شامل ہیں۔
- آپ چاہیں تو کنسلٹیشن میں اپنی رائے دیتے ہوئے اپنی ذاتی تفصیلات دے سکتے ہیں۔ اس سے جبری شادی کے مسئلے سے نبٹنے کے لیے آسٹریلین گورنمنٹ کو ایک مربوط قومی ریسپانس کے ذریعے کام کرنے کے لیے رہنمائی ملے گی اور اس طرح جبری رشتے میں موجود یا جبری شادی کے خطرے سے دوچار لوگوں کے لیے سول پروٹیکشنز اور تدارک کے اقدامات کا ماڈل بھی تشکیل دیا جائے گا۔
- ہم ایسے کسی بھی ثانوی مقصد کے لیے، جس کا ذکر اس نوٹس میں نہیں ہے، آپ کی ذاتی تفصیلات استعمال کرنے کے لیے آپ کی رضامندی طلب کریں گے۔

## آپ کی ذاتی تفصیلات کیسے منکشف کی جا سکتی ہیں

- اگر آپ نے اپنی ذاتی تفصیلات تحریری سبمشن میں شامل کی ہوں اور وہ سبمشن شائع کرنے کی رضامندی دی ہو تو آپ کی ذاتی تفصیلات کو شائع کیا جا سکتا ہے۔ مثال کے طور پر اگر آپ سبمشن کے سرورق پر اپنا نام لکھیں یا اپنی سبمشن کے متن میں ذاتی تفصیلات شامل کریں تو۔
- اگر آپ ٹارگٹڈ کنسلٹیشن میں روبرو یا آن لائن شریک ہوں تو ممکن ہے کہ کنسلٹیشن کے دوران آپ کا نام دوسرے شرکاء دیکھ سکتے ہوں۔
  - آن لائن کنسلٹیشنز کے سلسلے میں ڈیپارٹمنٹ مائیکروسوفٹ ٹیمز کے ذریعے کنسلٹیشن کرے گا۔ مائیکروسوفٹ ٹیمز اپنے ورچوئل پلیٹ فارم پر میٹنگ کی سہولت دینے کی خاطر ذاتی تفصیلات اکٹھی کرتا ہے اور آپ کی ذاتی تفصیلات کو برتنے کے سلسلے میں ان کی اپنی پالیسی ہے۔ ان کی پرائیویسی سٹیٹمنٹ ان کی ویب سائیٹ پر موجود ہے۔
- اگر آپ کنسلٹیشن (آن لائن یا روبرو) میں اپنا نام نہ بتانا چاہتے ہوں تو آپ فرضی نام استعمال کر سکتے ہیں۔
- کنسلٹیشن میں معاون تیسرے فریقوں کو بھی آپ کی ذاتی تفصیلات تک رسائی حاصل ہو سکتی ہے۔ اس میں وہ تحریری اور زبانی مترجمین شامل ہیں جو آپ کی زبانی یا تحریری رائے کا ترجمہ کرتے ہوئے آپ کی ذاتی تفصیلات پڑھ یا سن سکتے ہیں۔
- اگر آپ کی منکشف کی ہوئی بعض تفصیلات سے ہمیں یہ خیال پیدا ہو کہ آپ کو یا کسی اور کو نقصان پہنچنے کا خطرہ ہے تو ممکن ہے ہم یہ معلومات پولیس اور/یا دوسرے متعلقہ حکام کو دینے کے پابند ہوں۔

- لازمی رپورٹنگ کے تقاضے پورے کرنے یا کسی جرم کے شبہے کی رپورٹ کرنے کے لیے بھی ہم پر آپ کی ذاتی تفصیلات منکشف کرنے کی پابندی ہو سکتی ہے۔
- آپ کی ذاتی تفصیلات معلومات لینے کے حق سے متعلقہ درخواستوں کے تحت بھی ہو سکتی ہیں۔

اگر ہمارے علم میں کوئی دوسری وجوہ آئیں جو ہمارے لیے آپ کی ذاتی تفصیلات منکشف کرنا ضروری بناتی ہوں تو ہم انہیں منکشف کرنے سے پہلے آپ کی تحریری رضامندی مانگیں گے۔

## مزید معلومات

ڈیپارٹمنٹ کی پرائیویسی پالیسی واضح کرتی ہے کہ ڈیپارٹمنٹ آ پ کی دی ہوئی تفصیلات کو کیسے برتتا اور محفوظ رکھتا ہے۔ ہماری پرائیویسی پالیسی یہ بھی واضح کرتی ہے کہ آپ ہمارے پاس موجود اپنی ذاتی تفصیلات دیکھنے یا درست کروانے کی درخواست کیسے کر سکتے ہیں اور پرائیویسی کے متعلق سوال یا شکایت کے لیے کس سے رابطہ کر سکتے ہیں۔ اگر آپ کو پرائیویسی پالیسی کی ہارڈ کاپی درکار ہے تو براہ مہربانی privacy@ag.gov.au پر پرائیویسی آفیسر سے رابطہ کریں۔

اگر پبلک کنسلٹیشن میں شرکت یا جبری شادی کے سلسلے میں سول پروٹیکشنز اور تدارک کے اقدامات کے متعلق آپ کا کوئی سوال ہو تو براہ مہربانی ForcedMarriage@ag.gov.au پر رابطہ کریں۔